05/06/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

پد یاترا

جموں کشمیر میں منشیات کی لعنت کا قلع قمع کرنے کے لئے سو روزہ نشہ مکت ابھیان زور و شور سے جاری ہے ۔ اس سلسلے کی ایک کڑی کے تحت آج گاندربل میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میںایک پد یاترا نکالی گئی۔ پد یاترا میں مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کے خلاف قمر بستہ ہونے کا عہد ظاہر کیا ۔

اس موقعہ پر اپنی تقریر میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ وہ اس عوامی مہم کے ذریعے جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے پاک کر کے ہی دم لیں گے ۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کی غیر قانونی سودے بازی کرنے والوں کو ہر گز نہیں بخشا جائے گا اور جو نوجوان اس لت میں پڑے ہوئے ہیں ، ان کی بازآبادکاری کے لئے بھی ضروری اقدام کئے جائیں گے ۔

منوج سنہا نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت اب تک کی پیش رفت کا سرسری خلاصہ بھی کیا ۔

LG ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے کل کئی اہم شخصیات نے ملاقات کی جن میں جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا // ضلع کانگریس کمیٹی پلوامہ کے صدر عمر جان// اور ضلع ترقیاتی کونسل رامہال کی سابق ممبر ایڈوکیٹ الفت مشتاق شامل ہیں ۔

-------LG----

جاوید احمد رانا

جل شکتی اور جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے بارہمولہ اسمبلی حلقے میں عوامی استعمال کے اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کی معیاد بند تکمیل یقینی بنانے کے لئے زیرِ التواءمعاملات کو نپٹانے کی خاطر Clearances کے عمل میں تیزی لانے کی ہدایت دی ہے ۔

وہ حلقے میں تعمیراتی منظر نامے کا افسروں کی ایک میٹنگ میں جائزہ لے رہے تھے ۔

محمد اعجاز اسد

محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے بال تل کا دورہ کر کے وہاں یاترا 2026 کے سلسلے میں محکمے کی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

سے بال تل بیس کیمپ اور دومیل کیمپ میں صفائی Nilgrath Helipad انہوں نے خاص طور پر ستھرائی کی سہولیات کا جائزہ لیا ۔ ان کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل رورل سینٹیشن انو ملہوترا بھی تھیں ۔

ورکشاپ

محکمہ امدادِ باہمی کی کمشنر سیکریٹری یشا مُدگل نے تعاون کی مرکزی وزارت کے آئندہ زونل جائزہ ورکشاپ کے لئے قائم کردہ کمیٹیوں کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا ۔

یہ ورکشاپ سرینگر میں 24 سے 26 جون تک منعقد ہونے والا ہے ۔

NDA

حکومت کے 12 برس مکمل ہوئے ہیں اور اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی NDA مرکز میں کی قیادت میں عام لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد سکیمیں شروع کی گئیں جن میں آیوشمان بھارت یوجنا بھی شامل ہے ۔

پورے ملک میں بڑے پیمانے پر لوگ آیوشمان بھارت سکیم سے استفادہ کر کے طبی نگہداشت کی معیاری سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔ اس بارے میں ایک عام شہری کے تاثرات۔

....Byte....

محر م الحرام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے محر م الحرام کے سلسلے میں مرکزی امام باڑہ یوسف آباد بمنہ کا دورہ کر کے وہاں اس سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے بھی ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں ماہ محرم الحرام کے سلسلے میں ضلعے میں کی گئی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے خاص طور پر بجلی اور جل شکتی کے محکموں کو عوام کے لئے معقول سپلائی دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ۔

DCs

ڈپٹی کمشنرپلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے ضلع سطح کی ٹیلی کام کمیٹی کی ایک میٹنگ کے صدارت کرتے ہوئے ضلعے میں ٹیلی مواصلات کے بنیادی ڈھانچے ، موبائل نیٹ ورک کوریج سکیم پر عمل آوری کا تفصیلی جائزہ لیا - Net اور بھارت

اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں ضلع سطح کی جائزہ کمیٹی کی میٹنگ میں ضلعے میں کام کرنے والے بینکنگ سیکٹر کے اداروں کی کارگزاری کا جائزہ لیا گیا - انہوں نے سماجی سلامتی کی سکیموں میں اندراج بڑھانے اور ترجیحی سیکٹروں کے لئے قرضے واگزار کرنے کی ضرورت اجا گر کی -

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا -

خدا حافظ

* * * * * * * * * * * *